# جوبلی شمع
# تکافل پلان



Bank Alfalah
The Way Forward

Best Customer
Franchise 2021

Jubilee
FAMILY TAKAFUL

اصل خوشی پنے پیاروں کو خوش اور محفوظ دیکھنا ہے ۔ اگر چہ زندگی بہت زیادہ فکر اور افسردہ دھبوں سے لبریز ہو سکتی ہے جو اپنی جگہ نا گزیر ہیں ۔ ان حالات میں اپنی فیملی کو مالیاتی طور پر ناامیدی کی کیفیت سے نکالنے کی صلاحیت یقینی طور پر ایک زیرک فیصلہ ہے ۔

”جوبلی شمع تکافل پلان “ ریزرو فنڈز اور وینچرز سے بہتر فوائد سے فائدہ اُٹھا کر آپ کی زندگی میں اس یقین دہانی کو حاصل کرنا ایک بہترین پیش رفت ہے ۔ یہ گیم پلان آپ کو آج اپنے پیسے کی باعزت طریقے سے دیکھ بھال کرنے اور مثالی طور پر آپ کے خاندان کو مزید شاندار مستقبل دینے کا موقع فراہم کرے گا ۔

## اہم فوائد :

☆ اپنے تحفظ کو بڑھانے کے لیے اضافی ضمنی فوائد میں سے کسی کو منتخب کریں۔

☆ اپنے فنڈ ز کی جمع شدہ کیش ویلیو کی جزوی یا مکمل طور پر واپسی لینے کی سہولت

☆ اپنی سرمایہ کاری کو اضافی بچت ، جو آپ کے پاس ہو ، کے ساتھ بڑھائیں

☆ اپنے پریمیئم میں اضافہ کر کے افراط زر سے نمٹنے کا آپشن

☆ آپ اور آپ کے خاندان کے لیے طویل مدتی مالی تحفظ

☆ پارٹیسیپنٹ ممبر شپ دستاویزات کی وصولی سے 14 دن کے اندر ممبر شپ منسوخ کر سکتا ہے

## تکافل کیا ہے ؟

تکافل عربی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی باہم مشترکہ ضامن بننا ہے ۔ یہ ایک مشترکہ تعاون کا سسٹم ہے جو بھائی چارہ اور باہمی تعاون کی بنیاد پر مبنی ہے ۔ جہاں پارٹیسیپنٹ ضرورت کے موقع پر مشترکہ فنڈ سے ایک دوسرے کی مدد کرتے ہیں ۔

1 ۔ پارٹیسیپنٹ ”تبرع “ کی بنیاد پر ایک دوسرے کو مخصوص خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے وقف فنڈ میں ایک مقررہ رقم ادا کرتے ہیں جسے ” کنٹری بیوشن “ کہا جاتا ہے ۔

2 ۔ ونڈو تکافل آپریٹر بحیثیت وکیل وقف فنڈ کو مینج کرتا ہے جسے انڈیو یجوئل فیملی تکافل پارٹیسیپنٹ فنڈ(IFTPF) کہا جاتا ہے ۔

3 ۔ کلیم کی ادائیگی انڈیو یجوئل فیملی تکافل پارٹیسیپنٹ فنڈ(IFTPF) سے کی جاتی ہے ۔

4 ۔ کمپنی کے سرپلس کی رقم ، اگر کوئی ہو ، کمپنی کے شریعہ ایڈوائزر اور آپئنٹڈ ایکچوری کے مشورے سے پارٹیسپنٹس کے درمیان تقسیم کی جاسکتی ہے ۔

## فیملی تکافل پلان کیا ہے ؟

فیملی تکافل پلان باہمی تعاون ، استحکام اور کمیونٹی کے فلاح و بہبود کے شرعی اصولوں پر مبنی ہے ۔

تکافل کے انتظام کے تحت ، افراد اکھٹے ہوتے ہیں اور باہمی تعاون کی بنیاد پر خطرے کو بانٹ کر ایک دوسرے کو مالی نقصان سے بچانے کے مشترکہ مقصد کے لیے اپنا حصہ ڈالتے ہیں ۔

## میں جوبلی شمع تکافل پلان سے کیسے مستفید ہوسکتا ہوں ؟

تین آسان اقدام جن پر آپ کو عمل کرنے کی ضرورت ہے ۔

| | |
|---|---|
| پہلا قدم | فیصلہ کریں کہ آپ کتنا کنٹری بیوشن ادا کریں گے ۔ آپ سالانہ، ششماہی، سہ ماہی، ماہانہ کنٹری بیوشن ادا کر سکتے ہیں ۔ |
| دوسرا قدم | دیئے گئے اختیارات میں سے اپنی ضروریات کے لیے بہترین کوریج کا انتخاب کریں ۔ |
| تیسرا قدم | شریعہ کمپلائنٹ انویسٹمنٹ اسٹریٹیجز کی رینج میں سے انتخاب کریں ۔ |
| چوتھا قدم | پلان کو بڑھانے کے لیے اختیاری تکافل فوائد میں سے کسی کا انتخاب کریں ۔ |

## کیا میں شمع تکافل پلان سے مستفید ہونے کا اہل ہوں ؟

اگر آپ کی عمر 18 سے 65 سال ہے تو آپ جوبلی تکافل پلان سے مستفید ہونے کے اہل ہیں ۔

## دستیاب ٹرم رینج کیا ہے ؟

دستیاب ٹرم رینج 10 سے 57 سال ہے جو کہ میچورٹی پر 75 سال کی عمر سے مشروط ہے ۔

## جوبلی شمع تکافل پلان کیا تحفظ فراہم کرتا ہے ؟

جوبلی شمع تکافل پلان خاص طور پر اُن افراد کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جو تکافل کے فوائد کے ساتھ اپنی بچت / سرمایہ کاری پر بہتر اور زیادہ سے زیادہ منافع چاہتے ہیں ۔

### ڈیتھ بینیفٹ :

ناگہانی موت کی صورت میں ، آپ کے نامزد کردہ بینیفشریز کو سم کورڈ یا کیش ویلیو ( جو بھی زیادہ ہو ) ملے گی ۔

سم کورڈ ضمانت شدہ کم سے کم رقم ہے جو موت پر قابلِ ادائیگی ہے ۔ سم کورڈ کا تعین سالانہ بیسک کنٹری بیوشن کو کور ملٹی پل سے ضرب دے کر کیا جاتا ہے ۔

اس پلان کے تحت کورملٹی پل کی رینج 5 سے 25 ہے ۔ چنانچہ آپ کا سم کورڈ سالانہ بیسک کنٹری بیوشن کا 5 سے 25 گنا ہوسکتا ہے ۔

مثال کے طور پر اگر آپ کا سالانہ بیسک کنٹری بیوشن 300,000 روپے ہے اور آپ نے کور ملٹی پل 5 کا انتخاب کیا ہے تو آپ کا سم کورڈ 1,500,000 = 5 x 300,000 روپے ہوگا ۔

* پارٹیسیپنٹ کو دستیاب کور ملٹی پل کی رینج لائف کورڈ کی انٹری ایج اور انڈر رائٹنگ کے فیصلے کے مطابق مختلف ہوسکتی ہے ۔

### میچورٹی بینیفٹ :

پلان کی مدت کے اختتام پر ، پارٹیسپنٹ پلان کی مدت کے دوران جمع شدہ کیش ویلیو وصول کرے گا۔

## کیا جوبلی شمع تکافل پلان کے تحت میرے تکافل کور کو بڑھانے کے لیے کوئی بلٹ اِن تحفظ موجو د ہے ؟

اس پلان کے تحفظ کے پہلو کو بڑھانے کے لیے درجِ ذیل سپلیمنٹری تکافل بینیفٹ کو شامل کیا گیا ہے ۔

## کینسر کور سپلمنٹری تکافل بینیفٹ :

یہ بینیفٹ آپ کو کینسر کی تشخیص کی صورت میں کوریج فراہم کرتا ہے تاکہ آپ کو اور آپ کے پیاروں کو آنے والے مالی بوجھ سے نجات مل سکے اور صرف اپنی صحت یابی پر توجہ مرکوز کی جاسکے ۔ بینیفٹ کی رقم آپ کو کینسر کے اسٹیج کے لحاظ سے ادا کی جائے گی ، یعنی ابتدائی اسٹیج یا لیٹ اسٹیج ۔

## کیا میں جوبلی شمع تکافل پلان کے تحت اپنے تکافل کور کو بڑھانے کے لیے اضافی تحفظ حاصل کرسکتا ہوں ؟

جوبلی شمع تکافل پلان ایک لچکدار منصوبہ ہے جو آپ کو معمولی اضافی قیمت پر اپنی ضروریات کی بنیاد پر متعدد اضافی آپشنل رائڈرز میں سے انتخاب کرنے دیتا ہے ۔

| | |
|---|---|
| ایکسیڈینٹل ڈیتھ سپلیمنٹری تکافل بینیفٹ | حادثاتی موت کی صورت میں نامزد کردہ بینیفیشریز کو پلان کے بنیادی فوائد کے علاوہ رقم ادا کی جائےگی ۔ |
| حادثاتی موت اور معذوری | حادثاتی موت اور معذوری کی صورت میں اس بینیفٹ کے تحت ایک اضافی رقم ادا کی جائے گی ۔ معذوری کی سنگینی اور شدت کی بنیاد پر جزوی یا مکمل رقم ادا کی جائے گی ۔ |
| سنگین بیماری کا ضمنی بینیفٹ | 18 مخصوص سنگین بیماریوں میں سے کسی کی تشخیص ہونے کی صورت میں بیسک پلان کے تحت بینیفٹ پیشگی ادا کر دیا جاتا ہے ۔ |
| مستقل مکمل معذوری | اس سپلیمنٹری تکافل بینیفٹ کے تحت مستقل اور مکمل معذوری کی صورت میں بیسک پلان کے تحت بینیفٹ پیشگی ادا کردیا جاتا ہے ۔ |
| ویور آف کنٹری بیوشن سپلیمنٹری تکافل بینیفٹ | اگر آپ کسی بیماری یا معذوری کا شکار ہیں اور کم از کم 6 ماہ سے آپ اپنے پیشے یا آپ اپنے علم ، تربیت یا تعلیمی قابلیت کے مطابق پیشہ اختیارکرنے سے قاصر ہیں تو آپ کی کنٹری بیوشن کی اگلی قسط جوبلی فیملی تکافل ادا کرے گا ۔ |
| فیملی انکم سپلیمنٹری تکافل بینیفٹ | موت کی صورت میں ، سہ ماہی ادائیگی کی جائے گی ، موت کی تاریخ سے اس سپلیمنٹری تکافل بینیفٹ کی مدت ختم ہونے تک ۔ |
| جوبلی میڈی پل سپلیمنٹری تکافل بینیفٹ | یہ بینیفٹ بیماری اور حادثے کی صورت میں مالی تحفظ فراہم کرتا ہے جس بیماری یا حادثے کے باعث لائف کورڈ ہسپتال میں داخل ہوا ہو اور ہوسپٹلائزیشن کی صورت میں 250,000 روپے تک کے اخراجات کی کوریج ہے ۔ مزید برآں ، لائف کورڈ کے پاس اپنے شریکِ حیات کے لیے میڈی پل کو منتخب کرنے کا اختیار ہے ۔<br>پارٹیسیپنٹ کو کسی بھی منظور شدہ ہسپتال میں بغیر کچھ ادا کیے ایک نجی کمرے کے ساتھ معیاری طبی خدمات حاصل کرنے کا فائدہ ہو گا ۔<br>مزید تفصیلات کے لیے براہ کرم جوبلی میڈی پل کا علیحدہ کتابچہ ملاحظہ کریں ۔ |

* شرائط و ضوابط لاگو ہیں ۔

## جوبلی شمع تکا فل پلان سے مستفید ہونے کے لیے مجھے کتنا سالانہ کنٹری بیوشن ادا کرنا ہوگا ؟

کنٹری بیوشن سالانہ ، ششماہی ، سہ ماہی اور ماہانہ ادا کی جاسکتی ہے ۔

کم از کم کنٹری بیوشن کی ادائیگی کی تفصیل درج ذیل ہے :

| کم از کم رقم | دورانیہ |
|---|---|
| Rs. 250,000 | سالانہ |
| Rs. 125,000 | ششماہی |
| Rs. 62,500 | سہ ماہی |
| Rs. 20,834 | ماہانہ |

## میری کنٹری بیوشن کو کیسے مختص کیا جائے گا ؟

آپ کی کنٹری بیوشن درج ذیل شیڈول کے مطابق مختص کی جائے گی :

| ایلوکیشن پرسینٹیج | ممبر شپ سال |
|---|---|
| 55% | پہلے سال |
| 80% | دوسرے سال |
| 90% | تیسرے سال |
| 100% | چوتھے سال اور اس کے بعد |

* ٹاپ اپ کنٹری بیوشن : 100%

## کیا اس پلان میں کوئی بونس ایلوکیشن ہے ؟

جوبلی شمع پلان کے تحت چھٹے سال سے اور اس کے بعد جوبلی لائف انشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز اپنے صارفین کو یونٹ اکاؤنٹ میں بونس مختص کرے گی۔ یہ دیئے گئے ٹیبل کے مطابق کیا جائے گا ۔

| بونس ایلوکیشن پرسینٹیج | ممبر شپ سال |
|---|---|
| 3% | چھٹے سال اور اس کے بعد |

## جوبلی شمع پلان میں میری کنٹری بیوشن کو جوبلی لائف کیسے مینج کرے گی؟

جوبلی لائف آپ کو ذیل میں دکھائے گئے کسی بھی فنڈ میں جزوی یا مکمل طور پر اپنی کنٹری بیوشن مختص کرنے کے لیے لچک فراہم کرتی ہے۔

### فیملی تکافل انکم فنڈ:

فیملی تکافل انکم فنڈ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومینٹس میں سرمایہ کاری کر کے درمیانی سے طویل مدت تک کم سے کم رسک کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔

### فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ:

فیملی تکافل بیلنسڈ فنڈ شریعہ کمپلائنٹ انسٹرومینٹس کی وسیع رینج کے متوازن پورٹ فولیو کے ساتھ سرمایہ کاری پر مسابقتی منافع فراہم کرنے پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔

آپ کی کنٹری بیوشن پہلے سے طے شدہ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے فیملی تکافل انکم فنڈ میں مختص کی جائیں گی جو مختلف شرعی قوانین پر مشتمل منی مارکیٹ اور ڈیٹ انٹرومنٹس کے سکیورٹیز کے پورٹ فولیو میں سرمایہ کاری کر کے درمیانی سے طویل مدت تک کم از کم رسک کے ساتھ پائیدار منافع فراہم کرتا ہے اور ایکوٹی سکیورٹیز میں کوئی سرمایہ کاری نہیں ہے۔

تاہم آپ کو ڈکلریشن فارم پر دستخط کر کے ڈیفالٹ انوسٹمنٹ فنڈ کے علاوہ اپنی پسند کے کسی بھی فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا اختیار ہے۔
ان فنڈز کو ماہر انوسٹمنٹ مینیجر شریعه ایڈوائزرز کی رہنمائی میں مینج کرتے ہیں تاکہ شریعت کی سخت تعمیل کے ساتھ منیمل رسک ایکسپوژر کے ساتھ بہترین منافع کو بھی یقینی بنایا جا سکے۔
آپ کی کنٹری بیوشن پلان کی مدت کے دوران سرمایہ کاری پر منافع کمائے گی۔ منتخب کردہ معیاد کے اختتام پر آپ اپنی جمع شدہ کیش ویلیو یکمشت حاصل کریں گے۔
نوٹ: ضروری نہیں کہ ان فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ان فنڈز کی مستقبل کی کارکردگی کا مظہر ہو۔
جوبلی لائف فیملی تکافل کے فنڈز کی یونٹ پرائسز تمام بڑے روزناموں میں اور جوبلی لائف فیملی تکافل کی ویب سائٹ www.jubileelifefamilytakaful.com پر باقاعدگی سے شائع ہوتی ہے۔

## شریعه کمپائنٹ فنڈ کیا ہے؟

وہ فنڈز جہاں شریعت کے اصولوں کے مطابق سرمایہ کاری کی جاتی ہے جس میں اسلامک ایکویٹیز ، صکوك ، اسلامک ٹرم سرٹیفکیٹ، اسلامک میوچل فنڈز اور اسلامی بینکاری کے ادارے وغیرہ شامل ہیں جو کہ ربا (سود)، قمار (جوا)، غرر (دھوکہ) جیسی خرابیوں سے پاك ہیں۔

## کیا میں ضرورت پڑنے پر جوبلی شمع پلان سے فنڈ کی جمع شدہ رقم نکال سکتا ہوں؟

جی ہاں، جوبلی شمع پلان کے تحت آپ کو اپنی کیش ویلیو جزوی یا مکمل طور پر نکلوانے کی سہولت حاصل ہے۔ آپ کے پاس درجہ ذیل آپشنز ہیں:

## پارشل وڈڈرال /جزوی رقم نکالنا:

اگر آپ ایمرجنسی ضرورت پورا کرنے کے لیے نقد رقم کی ضرورت ہے اور آپ ممبرشپ کو سرینڈر نہیں کرنا چاہتے تو آپ جزوی طور پر نکالی گئی کم از کم رقم کی حد سے مشروط رہتے ہوئے رقم نکلوا سکتے ہیں، بشرطیکہ پی آئی میں بقایا کیش ویلیو -/250,000روپے سے کم نہ ہو۔ پارشل وڈڈرال کے بعد بھی آپ کو تکافل کوریج ملتی رہے گی اگرچہ زر عمیمه کے توازن کو قائم رکھنے کے لیے جزوی طور پر نکالی گئی کے مساوی رقم سم کورڈ میں سے منہا کر دی جائے گی۔

جزوی دستبرداری کے بعد بقایا کیش ویلیو کی رقم تبدیلی سے مشروط ہے اور جوبلی لائف انشورنس ونڈو تکافل آپریشن اس پر نظر ثانی کر سکتی ہے۔

## فل پلان ودڈرال/مکمل رقم نکالنا:

آپ کسی بھی وقت اپنی ممبرشپ سے دستبردار ہو سکتیہ ہیں۔ دستبرداری کے وقت آپ کو فنڈ کی مکمل کیش ویلیو ادا کی جائے گی۔ تاہم ممبرشپ کے ابتدائی سالوں میں دستبرداری کی صورت میں کیش ویلیو کم کی جا سکتی ہے۔

## کیا یہ پلان مجھے افراطِ زر (انفلیشن) سے مقابلہ کرنے میں مدد دیتا ہے؟

آپ کو اپنی ممبرشپ میں افراطِ زر سے مقابلہ کرنے کے لیے انڈیکسیشن منتخب کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ اس اختیار کا انتخاب کرنے سے آپ کا کنٹری بیوشن ڈبلیو ٹی او کی طرف سے طے کردہ لیمٹ کے حساب سے ہر سال خود بخود بڑھتا رہے گا۔ تاہم آپ چاہیں تو انڈیکسیشن کو منسوخ کر سکتے ہیں۔

## کیا جوبلی شمع تکافل پلان میں کوئی بلٹ اِن فیچرز ہیں؟

### ٹاپ اپ کنٹری بیوشن:

آپ کے پاس کسی بھی مرحلے پر اضافی فنڈز دستیاب ہو سکتے ہیں۔ آپ ٹاپ اپ کنٹری بیوشنز ادا کر کے اس پلان کے تحت اپنی باقاعدہ سرمایہ کاری کو ٹاپ اپ کر سکتے ہیں۔ ان کنٹری بیوشنز کو اس وقت کی آفر پرائس پر پارٹیسمنٹ انوسٹمنٹ اکاؤنٹ میں لگایا جائے گا۔

### سرپلس شیئرنگ:

تکافل نہ صرف آپ کے خطرات میں حصہ دار ہوتا ہے بلکہ یہ آپ کو سرپلس شیئرنگ بھی پیش کرتا ہے جو شرکاء کو پیش کی جانے والی اضافی خصوصیت ہے جو شرکاء تبزع (عطیات) جمع کرائیں گے وہ وقف فنڈ سے سرپلس کی وصولی کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مقررہ مدت ختم ہونے پر کلیمز اور دوسرے اخراجات کی ادائیگی کے بعد بقایا اضافی رقم کو مندرجہ ذیل مقاصد کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

- فنڈ کا ایک حصہ وقف فنڈ کے طور پر مستقبل میں اضافی کلیمز کی ادائیگی کے لیے رکھا جائے گا۔
- بقیہ سرپلس کی رقم شفاف اور مساویانہ بنیاد پر شرکاء میں تقسیم کی جاسکتی ہے۔

سرپلس کی رقم کا کسی بھی صورت میں ونڈو تکافل آپریٹر سے کوئی نہ ہو گا اور اس رقم کو پول اور/یا عوام الناس کے فائدے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

## کن فیسوں کا طلاق جوبلی شمع تکافل سیونگز پلان پر ہوتا ہے؟

درجہ ذیل فیسوں کا اطلاع جوبلی شمع تکافل سیونگز پلان پر ہوتا ہے۔

| وکالتہ الاستعمار فیس مشتمل ہے* | |
|---|---|
| ابتدائی چارج | بیسک اور ٹاپ اپ کنٹری بیوشن کا 5% بڈ آفرڈ سپریڈ |
| ایلوکیشن فیس | ریگولر بیسک کنٹری بیوشنز کی رقم جو پی آئی اے کو مختص نہ کی گئی ہو۔ |
| انوسٹمنٹ مینجمنٹ فیس | پی آئی اے میں نیٹ ایسسٹ ویلیو کا سالانہ 1.5% |
| فنڈ سوئچنگ فیس | حصہ سال میں پہلے چار سوئچز کے بعد 500روپے۔ |
| انتظامی فیس | ماہانہ 245روپے |
| تکافل کنٹری بیوشن | SECPسے منظور شدہ اصولوں کے مطابق پی آئی اے اکاؤنٹ سے کنٹری بیوشن کی کٹوتی ہوگی اورIFTPFمیں منتقل ہوگی تاکہ IFTPFسے تحفظاتی فوائد کی ادائیگی کی جا سکے۔<br>1. ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40%ان بیفٹس کے لیے جو کہ پارٹسپنٹ ممبرشپ ڈاکومنٹ کے تحت کورڈ ہیں۔<br>2. ہر تکافل کنٹری بیوشن کا 40%ان بیفٹس کے لیے جو کہ سپلیمنٹری تکافل بنیفٹ ڈاکومنٹ کے تحت کورڈ ہیں۔ |
| IFTPFسے وکالہ فیس | IFTPFسے وکالہ فیس کی کٹوتی ہوگی۔ |
| مضارب شیئر:<br>انوسٹمنٹ انکم سے کنٹری بیوشن | ونڈو تکافل آپریٹر (مضارب)،IFTPF (رب المال) کی سرمایہ کاری سے حاصل ہونے والے منافع کا 40% مضاربہ کی بنیاد پر حقدار ہوگا۔ |

## فری لک پیریڈ

جوبلی لائف آپ کو آفر کرتا ہے 14دن کا فری لک پیریڈ جس میں آپ ممبر شپ کے تمام اصول و ضوابط کا جائزہ لے سکتے ہیں اور ممبرشپ ختم کر سکتے ہیں۔ آپ کا کنٹری بیوشن ، آپ کی ممبر شپ جاری ہونے والی تاریخ کے 14دن کے اندر تحریری درخواست پر واپس کر دیا جائے گا جس میں آپ کی میڈیکل فیس اور دیگر اخراجات کی کٹوتی شامل ہوگی اور اگر آپ کے کنٹری بیوشن سے وقف پول میں جانے والی کوئی رقم ہوئی تو اس کی بھی کٹوتی کی جا سکتی ہے۔

## ہمارے شریعہ ایڈوائزرز:

تمام کاروباری سرمایہ اور پراڈکٹس کو ایک آزاد اور خود مختار شریعہ ایڈوائزر نگرانی کرتا ہے اور منظور کرتا ہے جو کہ ایک معروف، باصلاحیت اور ماہر شریعہ سکالر ہیں۔ ایک اِن ہاؤس شریعہ کمپلائنس ڈیپارٹا ٹ نافذ العمل شریعہ رولنگز اور گائیڈ لائنز کی تعمیل کی نگرانی کرتا ہے جن کا تعلق مختلف آپریشنل اور انوسٹمنٹ سے تعلق رکھنے والے معاملات سے ہوتا ہے۔

## انتباہ:

۔ یہ پراڈکٹ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز نے انڈررائٹ کی ہے۔ بینک الفلاح یا اس کا کوئی ملحقہ ادارہ نہ ہی اس پراڈکٹ کی ضمانت دیتا ہے اور نہ ہی اس کا تحفظ کرتا ہے اور نہ ہی یہ بینک کی پراڈکٹ ہے۔

۔ ضروری نہیں ہے کہ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ، مستقبل کی کارکردگی کا مظہر ہو۔ ضروری نہیں ہے کہ کی گئی پیشن گوئی فنڈ کی مستقبل کی کارکردگی کی نشان دہی کرے اور نہ ہی ونڈو تکافل آپریٹر اور نہ ہی بینک الفلاح اس کے لیے ذمہ داری ہیں۔

۔ تکافل کنسلٹنٹ کی جانب سے فوائد کی ایک ذاتی السٹریشن فراہم کی جائے گی۔
ازراہ کرم السٹریشن میں دی گئی تمام تفصیلات اور مختلف شرائط و ضوابط کو
اچھی طرح پڑھ لیں۔
۔ براہ کرم پارٹیسپنٹ ممبر شپ ڈاکومنٹ (PMD) پر دی گئی تفصیلات اور
مختلف شرائط و ضوابط اچھی طرح سمجھ لیں۔
۔ ممبرشپ حاصل کرتے وقت اگر پارٹیسپنٹ کی عمر قریب ترین تاریخ پیدائش پر
55سال یا اس سے کم (جوبلی میڈی پال ضمنی تکافل فائدے کے علاوہ) ہو تو وہ
ضمنی تکافل فوائد حاصل کر سکتا ہے۔
۔ بینک الفلاح، جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب
سے بطور ڈسٹری بیوٹر کام کر رہا ہے اور کسی بھی شخص کے سامنے بشمول ،
لیکن کورڈ کسٹمر/کسٹمرز ، نامزد کنندہ/کنندگان یا تھرڈ پارٹی تک محدود نہیں
ہے، کسی بھی طرح سے کسی بھی بات کا ذمہ دارنہیں ہے اور نہ ہو گا۔
۔ جوبلی لائف ونڈو تکافل آپریشنز IFTPF کی جانب سے اس تکافل کور کا انڈر رائٹر
اور فراہم کنندہ ہے اور ممبرشپ کی خدمت، لاجمنٹ، پراسیسنگ اور کورڈ
کسٹمرز اور بنفشریز کے کلیم کے تصفیہ کا ذمہ دار ہے۔
۔ سرمایہ کاری میں نقصان کے خدشات پارٹیسپنٹ برداشت کرے گا اور تکمیل
مدت کے وقت یا ممبرشپ ختم کرنے کے وقت اصل رقم متوقع رقم کے مقابلے میں
کم یا زیادہ ہو سکتی ہے۔ اگر پارٹیسپنٹ پہلے سے طے شدہ فنڈ کے علاوہ کسی اور
فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کرتا ہے اس کے اعلامیہ پر دستخط کرنا
ضروری ہے۔
ازراہ کرم، بنیادی فنڈ کے ٹارگٹ ایسٹ مکس کی معلومات کے لیے جوبلی لائف
تکافل کی ویب سائٹ پر رجوع کریں:
https://jubileefamilytakaful.com/jubilee-family-takaful-funds/fund-manager-reports

رابطے کی تفصیلات:
مزید معلومات یا شکایات کی صورت میں درج ذیل پتے پر رابطہ کریں:

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ
ونڈو تکافل آپریشنز
ہیڈ آفس:74/1-A، لالازار ، ایم ٹی خان روڈ، کراچی 74000، پاکستان
ٹیلی فون 35205094 ,021-32120201
فیکس: 021-35610959
یو اے این: 111-111-554 اور JUBILEELIFE لکھ کر 8554 پر ایس ایم ایس کریں۔
ای میل: info@jubileelife.com, complaints@jubileelife.com
ویب سائٹ: www.jubileelife.com
فون نمبر: 111-225-11 ویب سائٹ: bankalfalah.com

Scan QR Code to Access
Bank Alfalah Whatsapp
021 111 225 111 | bankalfalah.com/islamic-banking
/BankAlfalah /BankAlfalahIslamicOfficial /bank_alfalah /BankAlfalah

# جوبلی فیملی تکافل۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی شرعی حیثیت

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر کی حیثیت سے، میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ جوبلی فیملی تکافل کے " جوبلی شمع تکافل پلان" وقف اور وکالت کے اصولوں پر مبنی ہے۔ میں نے اس سے متعلقہ تمام امور جس میں دستاویزی کاغذات بشمول ممبرشپ دستاویز کا بغور جائزہ لیا ہے، مزید یہ کہ فیملی تکافل کی سرمایہ کاری اور اس سے متعلقہ تمام فنڈز کا جائزہ لیا ہے اور بحمداللہ ان تمام امور کو شریعت کے اصولوں کے مطابق پایا ہے۔

لہٰذا میری رائے میں جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے " جوبلی شمع تکافل پلان" کی رکنیت لینا، وقف فنڈ میں تعاون کرنا اور اس سے فائدہ حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔

مفتی ذیشان عبدالعزیز
شرعی مشیر: جوبلی لائف انشورنس کمپنی۔ونڈو تکافل آپریشنز

